# 13-02-2025 URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

سرخیاں

۱۔ چیف منسٹر ریونت ریڈی نے کہا ہے کہ پوری دنیا حیدرآباد کو ٹکنالوجی پاور ہاؤس کی حیثیت سے دیکھتی ہے۔

۲۔ پسماندہ طبقات کی بہبود کے وزیر پونم پربھاکر نے کہا ہے کہ ریاست میں منعقدہ ذات پات کا سروے ملک کی تمام ریاستوں کے لئے ایک پیمانہ بن گیا ہے۔

۳۔ وقف ترمیمی بل 2024ء پر جوائنٹ کمیٹی کی رپورٹ آج اپوزیشن کے احتجاج کے بیچ پارلیمنٹ کے دونوں ایوانوں میں پیش کردی گئی۔

۴۔ دنیا بھر میں آج عالمی ریڈیو ڈے منایا جارہا ہے۔اس موقع پر مختلف پروگرام منعقد کئے جارہے ہیں۔

MICROSOFT:

مشہور سافٹ ویر کمپنی مائیکروسافٹ نے حیدرآباد کے گچی باؤلی میں آج اپنے نئے کیمپس کا افتتاح کیا۔ چیف منسٹر ریونت ریڈی اور وزیر انفارمیشن ٹکنالوجی سریدھر بابو کے ہاتھوں اس نئے کیمپس کا افتتاح عمل میں آیا۔اس نئی عمارت میں 2500 زائد ملازمین کام کرسکیں گے۔ گچی باؤلی میں مائیکروسافٹ کا جو کیمپس پہلے سے موجود ہے، وہ امریکہ میں اس کے ہیڈکوارٹر کے بعد دنیا کا سب سے بڑا آر اینڈ ڈی مرکز ہے۔ نئے کیمپس کے آغاز کے ساتھ ہی حیدرآباد میں اس عالمی کمپنی کی موجودگی اور زیادہ مستحکم ہوگئی ہے۔نئی عمارت کے آغاز کے ساتھ ہی مائیکروسافٹ نے 4800 ملازمین کو بھرتی کرنے کے منصوبہ کا اعلان کیا ہے۔ نئے کیمپس کے افتتاح کے موقع پر مائیکروسافٹ نے حکومت تلنگانہ کے ساتھ ایک اور تاریخ اشتراک کا اعلان کیا جس کے تحت ریاست میں ایک لاکھ 20 ہزار سے زائد افراد کو آرٹیفیشل انٹلیجنس کی ٹریننگ دی جائے گی۔اس پروگرام کے تحت مائیکروسافٹ 500 سرکاری اسکولوں میں اے آئی تعلیم کو متعارف کرنے کے لئے اے آئی فاؤنڈیشن اکیڈیمی قائم کرے گی۔ اس پروگرام سے 50 ہزار طلبہ کو فائدہ ہوگا۔اس کے علاوہ مائیکروسافٹ حکومت تلنگانہ اور دیگر اداروں کے ساتھ مل کر اے آئی سنٹر آف ایکسلینس قائم کرے گی۔اس موقع پر مائیکروسافٹ کو مبارکباد دیتے ہوئے چیف منسٹر نے کہا کہ حیدرآباد اور مائیکروسافٹ نے ایک ساتھ ترقی کی ہے۔ انہوں نے کہا کہ پوری دنیا حیدرآباد کو آج ٹکنالوجی پاور ہاؤس کی حیثیت سے دیکھتی ہے۔انہوں نے کہا کہ مائیکروسافٹ جیسے پارٹنرس کے ساتھ مستقبل اور بھی روشن ہے۔ اس موقع پر آئی ٹی کے وزیر سریدھر بابو نے کہا کہ مائیکروسافٹ کا نیا کیمپس اور اے آئی سے متعلق مختلف مساعیوں کا آغاز ریاست میں پائیدار ترقی اور نئی ایجادات کے لئے مائیکروسافٹ کے عہد کی عکاسی کرتا ہے۔

SHAB-E-BARAT:

آج رات ریاست بھر میں شب برأت منائی جائے گی۔15 شعبان کی رات شب برأت کے طور پر منائی جاتی ہے۔ دنیا بھر کے مسلمان آج کی رات کو مقدس تصور کرتے ہیں۔ اس موقع پر وہ خصوصی عباتوں کا اہتمام کرتے ہیں اور اللہ تعالیٰ سے اپنے گناہوں کی معافی مانگتے ہیں۔حیدرآباد کی مختلف مساجد میں تقاریر اور خصوصی عبادات کا اہتمام کیا جاتا ہے۔تاریخی مکہ مسجد، باغ عامہ کی شاہی مسجد اور دیگر اہم مساجد میں کثیر اجتماعات متوقع ہیں۔قلی قطب شاہ اسٹیڈیم میں ایک جلسہ منعقد ہوگا جہاں ممتاز علماء کا خطاب ہوگا۔

MAHABUBABAD:

محبوب آباد ٹاؤن میں آج اس وقت کشیدگی پیدا ہوگئی جب سالار تانڈا کے دیہاتیوں نے ریونیو عہدیداروں کو زمینات کا سروے کرنے سے روک دیا۔ پولیس کی بھاری جمعیت کے ساتھ ریونیو محکمہ کے عہدیدار گاؤں پہنچے۔یادادری بھونگیر ضلع میں ولی گنڈہ سے بھدراچلم ضلع تک قومی شاہراہ کی تعمیر کے لئے زمین کا سروے کیا جارہا ہے۔جب ریونیو عہدیدار پولیس کے ہمراہ وہاں پہنچے تو گاؤں والوں نے اپنی زمینات دینے سے انکار کردیا۔

KAVITHA:

بی آر ایس کے ایم ایل سی اور تلنگانہ جاگروتی کی بانی کویتا نے کانگریس حکومت سے مطالبہ کیا ہے کہ وہ تعلیم اور روزگار میں پسماندہ طبقات کو تحفظات فراہم کرنے اور مجالس مقامی میں انہیں سیاسی نمائندگی دینے کے لئے اسمبلی میں تین بل پیش کریں۔ انہوں نے کہا کہ پسماندہ طبقات سے متعلق تمام معاملات کو ایک ہی بل میں شامل کرتے ہوئے اسے مرکز کو روانہ کرنا پسماندہ طبقات سے دھوکہ دہی کے مترادف ہوگا۔ جنگاؤں ضلع کے پمبرتی میں میڈیا کے نمائندوں سے بات چیت کرتے ہوئے کویتا نے کہا کہ پسماندہ طبقات کی آبادی کے تخمینہ میں الٹ پھیر ہوئی ہے۔انہوں نے تعلیم، روزگار اور مجالس مقامی میں پسماندہ طبقات کو 46 فیصد تحفظات کا مطالبہ کیا۔انہوں نے کہا کہ کانگریس کو اپنے کاماریڈی ڈکلریشن پر عمل کرنا چاہئے۔

BANDI SANJAY:

مرکزی مملکتی وزیر داخلہ بنڈی سنجے کمار نے کہا ہے کہ پسماندہ طبقات کی فہرست میں مسلمانوں کی شمولیت کو قبول نہیں کیا جائے گا اور انتباہ دیا کہ اگر ایسا کیا گیا تو پورا ہندو سماج بغاوت کرے گی۔بی جے پی کے لیڈر نے کہا کہ پسماندہ طبقات کی فہرست میں مسلمانوں کی شمولیت سے پسماندہ طبقات ریزرویشن کے اپنے حق سے محروم ہوجائیں گے۔بنڈی سنجے نے کہا کہ بی جے پی مذہب کی بنیاد پر تحفظات کے بالکل خلاف ہے۔ انہوں نے کہا کہ کانگریس پسماندہ طبقات کو تحفظات کی فراہمی میں سنجیدہ نہیں ہے۔انہوں نے کہا کہ کانگریس ایم ایل سی کے آنے والے انتخابات میں اس کے نتائج بھگتنے پڑیں گے۔

WAQF:

وقف ترمیمی بل 2024ء پر جوائنٹ کمیٹی کی رپورٹ آج اپوزیشن کے احتجاج کے بیچ پارلیمنٹ کے دونوں ایوانوں میں پیش کردی گئی۔لوک سبھا کی کارروائی التوا کے بعد جب دوپہر دو بجے شروع ہوئی تو جوائنٹ کمیٹی کے چیرمین جگدمبیکا پال نے ایوان میں رپورٹ پیش کی۔ اپوزیشن کے ارکان نے زبردست احتجاج کیا۔ شورشرابے کے بیچ مرکزی وزیرداخلہ نے کہا کہ اگراپوزیشن کے ارکان کے مطالبہ کے مطابق لوک سبھا کے اسپیکراوم برلا رپورٹ میں احتجاجی نوٹس کے اضافہ کی اجازت دیتے ہیں تو بی جے پی کوکوئی اعتراض نہیں ہے۔ رپورٹ کے خلاف احتجاج کرتے ہوئے کانگریس، ڈی ایم کے، سماج وادی پارٹی، ٹی ایم سی اوردوسروں نے واک آؤٹ کیا۔

COCKFIGHT:

رنگارریڈی ضلع کے معین آباد میں بی آرایس کے ایم ایل سی پوچم پلی سرینواس ریڈی کے فارم ہاؤس پرمرغوں کی لڑائی کے سلسلہ میں درج کئے گئے کیس میں پولیس نے آج انہیں نوٹس جاری کی ہے۔پولیس نے بتایا کہ فارم ہاؤس پرمرغوں کی لڑائی کے انعقاد کی اجازت دینے پرایم ایل سی کوبی این ایس ایس کی متعلقہ دفعات کے تحت نوٹس جاری کی گئی ہے۔پولیس نے بتایا کہ سرینواس ریڈی کونوٹس جاری کرتے ہوئے ان سے وضاحت طلب کی گئی ہے کہ آیا جس جگہ مرغوں کی لڑائی ہورہی تھی، وہ ان کی ملکیت ہے یانہیں۔ پولیس نے سرینواس ریڈی کو ہدایت دی کہ وہ نوٹس ملنے کے بعد چاردن کے اندر وضاحت پیش کریں اوراس سلسلہ میں متعلقہ دستاویزات یا کوئی اورثبوت فراہم کریں۔منگل کو پولیس نے ایم ایل سی کے فارم ہاؤس پر چھاپہ ماراتھااور مرغوں کی لڑائی میں ملوث 64 افرادکوگرفتارکرلیا تھا۔

RADIO DAY:

دنیا بھرمیں آج عالمی ریڈیوڈے منایا جارہاہے۔اس موقع پرمختلف پروگرام منعقد کئے جارہے ہیں۔ ہرسال 13 فروری کو عالمی ریڈیوڈے مناتے ہوئے عوام میں ریڈیو کی اہمیت کے بارے میں بیداری پیدا کی جاتی ہے اور ریڈیو کے ذریعہ معلومات تک رسائی کے لئے ان کی حوصلہ افزائی کی جاتی ہے۔ پرسار بھارتی کے چیرمین نونیت کمارسہگل نے عالمی ریڈیو ڈے کے موقع اپنے پیام میں کہا کہ خبروں اوراطلاعات کی فراہمی کے ذریعہ ریڈیوقوم کی ثقافتی اورمعاشی ترقی میں اہم رول ادا کرتا ہے۔آکاش وانی کی ڈائرکٹر جنرل ڈاکٹر پرگیا پلی وال گور نے کہا کہ تقریباً 9 دھوں سے آکاش وانی سامعین تک خبریں،تعلیمی اورتفریحی پروگرام پہنچارہاہے۔اطلاعات ونشریات کے سکریٹری سنجے جاجو نے کہا کہ ریڈیومعلومات،تعلیم اور

تفریح کا قابل اعتبار ذریعہ ہے۔ عالمی ریڈیو ڈے کے موقع پر دہلی میں ریڈیو فیسٹول 2025ء کا افتتاح کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ آ کاش وانی دنیا کے سب سے بڑے نشریاتی اداروں میں سے ایک ہے اور وہ 98 فیصد آبادی تک پہنچتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ریڈیو عوام کو جوڑتا ہے اور مختلف اقوام اور طبقات کے درمیان رابطوں کو فروغ دینے میں اہم رول ادا کرتا ہے۔ سنجے جاجو نے کہا کہ وزیراعظم نریندر مودی کا ماہانہ ریڈیو پروگرام من کی بات ایک انقلابی پلاٹ فارم بن گیا ہے جہاں عام آدمی کی آواز سنی جاتی ہے۔ اس موقع پر آ کاش وانی کی ڈائرکٹر جنرل ڈاکٹر پرگیا پلی وال گور نے بھی خطاب کیا۔

RESURVEY:

پسماندہ طبقات کی بہبود کے وزیر پونم پربھا کر نے کہا ہے کہ ریاست میں منعقدہ ذات پات کا سروے ملک کی تمام ریاستوں کے لئے ایک پیمانہ بن گیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ سروے کے دوران جن افراد نے معلومات فراہم نہیں کی تھیں انہیں اتوار سے اس مہینہ کی 28 تاریخ تک ایک موقع فراہم کیا جارہا ہے۔ انہوں نے واضح کیا کہ سروے دوبارہ نہیں کرایا جارہا ہے جیسا کہ بی آر ایس کے قائدین دعویٰ کر رہے ہیں۔ انہوں نے بی آر ایس کے لیڈروں پر زور دیا کہ وہ اپنی سنجیدگی کا ثبوت دینے کے لئے سروے میں حصہ لیں۔

OM BIRLA:

پارلیمنٹ کے بجٹ سیشن کا پہلا مرحلہ آج اختتام کو پہنچا۔ لوک سبھا کی کارروائی میں 10 مارچ تک وقفہ دیا گیا ہے۔ اسپیکر اوم برلا نے کہا کہ سیشن کے پہلے مرحلہ کے دوران پیداواریت 112 فیصد رہی۔ انہوں نے کہا کہ پارلیمنٹ کے مشترکہ سیشن سے صدر جمہوریہ کے خطاب پر اظہار تشکر کی تحریک پر مباحث 17 گھنٹے جاری رہی جس میں 177 ارکان نے حصہ لیا۔